تحریک التواء

حالیہ دنوں میں وزیراعظم آزادکشمیر کے دورہ بھمبر کے دوران نہتے اور پُرامن شہریوں پر وزیراعظم آزادکشمیر کی موجودگی میں بہیمانہ تشدد کیا گیا جس کی آزادکشمیر میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ اِن پُرامن شہریوں کا قصور یہ ہے کہ وہ وزیراعظم آزادکشمیر سے اپنے مطالبات کے سلسلہ میں ملاقات کرنا چاہتے تھے۔ انتظامیہ اور سٹاف کی جانب سے اِن کو نہ صرف ملاقات سے روک دیا گیا بلکہ سکوارڈ اور انتظامیہ کے ذریعے اُن پر تشدد بھی کیا گیا۔ علاوہ ازیں بھمبر انتظامیہ نے حکومتی ہدایات پر ان پرامن شہریوں پر جھوٹے مقدمات قائم کیئے اور اب اُن کے لواحقین کو گرفتاریوں کے نام پر حراساں بھی کیا جا رہا ہے، جس سے بھمبر اور آزادکشمیر میں افراتفری اور بے چینی کا عالم پایا جاتا ہے۔

لہذا، اس اجلاس کی کارروائی روک کر تحریک التواء کو زیر بحث لایا جائے۔

چوہدری محمد یاسین
قائد حزبِ اختلاف